(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

سماجی رویے

## والدین (پچھلی نسل) کے مقابلے میں آج کل کی نسل کے معاشی حالات

## پاکستانیوں کی اکثریت (55%) کا کہنا ہے کہ وہ معاشی طور پر اپنے والدین سے بہتر حالت میں ہیں؛ خواتین کے مقابلے مرد حضرات میں یہ رائے قدرے زیادہ ہے (56%)، جبکہ نوجوان نسل (60%) اور زیادہ تعلیم یافتہ افراد (64%) بہتر حالات کے حوالے سے سب سے زیادہ پُرامید نظر آئے۔

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)


(اسلام آباد، 06 جولائی 2026)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (55%) کا کہنا ہے کہ وہ اور ان کا قریبی خاندان معاشی لحاظ سے اپنے والدین (پچھلی نسل) سے بہتر ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"ایک فرد کے طور پر، کیا آپ کو لگتا ہے کہ آپ اور آپ کا قریبی خاندان اپنے والدین (پچھلی نسل) کے مقابلے میں درج ذیل معاملات میں بہتر ہے، بدتر ہے یا ویسے ہی ہیں۔ معاشی حشیت کے لحاظ سے؟"** ۔اس سوال کے جواب میں، 55% جوابدہندگان کے مطابق وہ معاشی لحاظ سے اپنے والدین سے "بہتر" ہیں، 28% جوابدہندگان کے مطابق "بدتر" ہیں، 13% جوابدہندگان کے مطابق "ویسے ہی ہیں" ، 1% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں، تاہم 3% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

مجموعی طور پر سروے کے نتائج سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ پاکستانیوں کی اکثریت خود کو اپنے والدین کے مقابلے میں معاشی طور پر بہتر سمجھتی ہے۔ یہ رائے خاص طور پر مرد حضرات، نوجوان نسل اور زیادہ تعلیم یافتہ افراد میں زیادہ پائی گئی۔ دوسری جانب، بڑی عمر کے اور کم پڑھے لکھے افراد کا خیال ہے کہ ان کے حالات یا تو پہلے جیسے ہی رہے ہیں یا پھر مزید خراب ہوئے ہیں۔ یہ نتائج پاکستان میں نسل، مرد و عورت اور تعلیم کے فرق کے لحاظ سے معاشی ترقی کے بارے میں لوگوں کی سوچ کو ظاہر کرتی ہیں۔


**"ایک فرد کے طور پر، کیا آپ کو لگتا ہے کہ آپ اور آپ کا قریبی خاندان اپنے والدین (پچھلی نسل) کے مقابلے میں درج ذیل معاملات میں بہتر ہے، بدتر ہے یا ویسے ہی ہیں۔ معاشی حشیت کے لحاظ سے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 761 خواتین اور مرد حضرات سے 26 مارچ 2026 تا 01 اپریل 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمیناً شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** اپنے معاشی حالات والدین کے مقابلے میں بہتر سمجھنے والوں کی شرح خواتین (54%) کی نسبت مرد حضرات میں تھوڑی زیادہ پائی گئی (56%)۔ جبکہ خواتین میں حالات ویسے ہی رہنے (16%) کا رجحان مرد حضرات کی نسبت (10%) زیادہ پایا گیا۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** نتائج سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ تعلیم معاشی ترقی کے بارے میں لوگوں کی رائے پر اثر انداز ہوتی ہے۔ ایف اے یا اس سے زائد تعلیم یافتہ افراد کا یہ ماننا ہے کہ وہ معاشی طور پر اپنے والدین کے مقابلے بہتر حالت میں ہیں (64%)، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں یہ شرح 53% پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** مختلف عمر کے افراد میں معاشی طور پر اپنے والدین کے مقابلے بہتر ہونے کی رائے مختلف ہے۔ 30 سال سے کم عمر افراد اس حوالے سے سب سے زیادہ پُرامید ہیں، جن میں 60% کا کہنا ہے کہ وہ اپنے والدین کے مقابلے بہتر معاشی حالت میں ہیں۔ اس کے بعد 30 سے 39 سال کی عمر کے 57% اور 40 سے 49 سال کی عمر کے 52% افراد نے خود کو بہتر حالت میں قرار دیا۔ 50 سے 59 سال کی عمر کے 44% افراد کا یہ کہنا تھا کہ وہ بہتر حالت میں ہیں، جبکہ 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد میں یہ شرح 47% پائی گئی۔ عمر بڑھنے کے ساتھ خود کو والدین کے مقابلے میں بدتر معاشی حالت میں سمجھنے والوں کی شرح بھی بڑھتی نظر آئی، جو مختلف نسلوں کے معاشی ترقی کے بارے میں مختلف خیالات کو ظاہر کرتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 06 July 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as **Gallup Pakistan** (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by **Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)